**حیسکو پریس ریلیز مورخہ :04.02.2022**

## حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں کوٹری ،لطیف آباد، قاسم آباد، گاڑی کھاتہ، ٹنڈو آدم، ٹنڈو محمد خان، ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 2980 نادہندگان کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 2770 کنکشن منقطع کیئے گئے ہیں۔ نادہندگان سے 7 کروڑ 11 لاکھ 80 ہزار روپے وصول کی گئی۔ 6 عدد ٹرانسفر مر اتارے گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آپریشن ڈویژنوں کوٹری، لطیف آباد، قاسم آباد، گاڑی کھاتہ، ٹنڈو محمد خان، کے علاقوں میں کاروائیوں کے دوران 3980 نادہندگان اور 2770 بجلی چوروں کے کنکشن منقطع کردیئے گئے اور بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے متعلقہ تھانوں میں FIR درج کرانے کیلئے محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔☆ تفصیلات کے مطابق سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل لاڑ عبدالغفور شیخ اور XEN ٹنڈو محمد خان امیر احمد میمن کی سربراہی میں اسپیشل ریکوری اور DCO کی ٹیموں نے چیکنگ کی جس میں مجموعی طور پر کارروائیوں کے دوران ٹنڈو محمد خان 2-1 ، بلڑی شاہ کریم، ماتلی سب ڈویژن کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 345 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی
چوروں کے 480 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ اس موقع پر S.E لاڑ عبدالغفور شیخ نے بتایا کہ حیسکو چیف نور احمد سومرو کی واضح ہدایات ہیں کہ حیسکو کے صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیئے، اسی لیئے صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، صارفین سے اپیل کی جاتی ہے کہ بجلی قانونی طریقے سے استعمال کریں اور اپنے ذمہ حیسکو کے واجبات بر وقت ادا کریں تاکہ بجلی کی بہتر سروس فراہم کی جاسکے۔ لہذا فوری واجبات ادا کریں اور بجلی منقطع ہونے کی تکلیف سے بچیں۔ آپکے تعاون کا متمنی

حیسکو۔



حیدرآباد: حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر سپرنٹینڈنگ انجینئر آپریشن سرکل لاڑ عبدالغفور شیخ اور XEN ٹنڈو محمد خان امیر احمد میمن کی سربراہی میں اسپیشل ریکوری اور DCO کی ٹیموں کا بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں